باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت اخبار
قیمت 15 روپے

Mob:0300-6346726
Email:dailyapnibat@gmail.com


روزنامہ
ABC Certified
اپنی بات
ملتان
عوام کی اپنی بات
چیف ایڈیٹر: امجد رفیق علوی

جلد نمبر 17 | سوموار 26 شعبان 1444ھ 20 مارچ 2023 صفحات 6 | شمارہ 250

# اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ صدر مملکت کو پیش کردی

## سال 2021 کے مقابلے میں سال 2022 میں شکایات کی شرح میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے

میلسی (عقیل اختر جوئیہ) اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ صدر مملکت کو پیش کر دی۔ وفاقی محتسب حکومتی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف تیز اور سستے انصاف کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں آگاہی مہم تیز کرے۔ صدر پاکستان اسلام آباد ایوان صدر میں وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کردی جس پر صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے کردار کو سراہا، اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان کو بتایا کہ وفاقی محتسب دور دراز علاقوں میں بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، دور دراز علاقوں میں شکایات کی وصولی کے سنٹرز قائم کئے گئے ہیں، وفاقی محتسب نے بتایا کہ سال 2021 کے مقابلے میں سال 2022 میں شکایات کی شرح میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے شہریوں کی سہولت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے پروگرام "انصاف آپ کی دہلیز پر" کے بارے میں بھی بتایا جسے صدر مملکت نے بے حد سراہا، صدر مملکت نے ہدایت دی کہ میڈیا نمائندگان اور مختلف پلیٹ فارم



کے ذریعے وفاقی محتسب کی آگاہی مہم تیز کی جائے تاکہ ناانصافیوں کا شکار لوگ فوری ریلیف کے لیے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔

DAILY **AGHAZ-E-SAFAR** MULTAN

روزنامہ

# آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو **محمد ذوالفقار** ایڈیٹر **امتیاز ذوالفقار**


جلد نمبر 9 | پیر 27 شعبان المعظم 1444ھ 20 مارچ 2023ء 7 چیت صفحات 8 قیمت 25 روپے | شمارہ نمبر 230


# سستے انصاف کی فراہمی وفاقی محتسب آگاہی مہم تیز کرے عارف علوی

## وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ صدر مملکت کو پیش' دور دراز علاقوں میں بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں: اعجاز قریشی

## وفاقی محتسب نے شہریوں کی سہولت اور ان کے مسائل کے حل کیلئے پروگرام "انصاف آپ کی دہلیز پر" کے بارے میں بھی بتایا

ملتان (عوامی رپورٹر) اسلام آباد ایوان صدر میں وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کر دی جس پر صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے کردار کو سراہا، اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان کو بتایا کہ وفاقی محتسب دور دراز علاقوں میں بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، دور دراز علاقوں میں شکایات کی وصولی کے سنٹرز قائم کئے گئے ہیں، وفاقی محتسب نے بتایا کہ سال 2021 کے مقابلے میں سال 2022 میں شکایات کی شرح میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی محتسب نے شہریوں کی سہولت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے پروگرام "انصاف آپ کی دہلیز پر" کے بارے میں بھی بتایا جسے صدر مملکت نے بے حد سراہا، صدر مملکت نے ہدایت دی کہ میڈیا نمائندگان اور مختلف پلیٹ فارم کے ذریعے وفاقی محتسب کی آگاہی مہم تیز کی جائے تاکہ ناانصافیوں کا شکار لوگ فوری ریلیف کے لیے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔



صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

ڈائریکٹوریٹ تعلقات عامہ،
گوجرانوالہ ڈویژن

روزنامہ "گوجرانوالہ ٹائمز" گوجرانوالہ

تاریخ 20 MAR 2023

# وفاقی محتسب نے سالانہ کارکردگی رپورٹ صدر پاکستان کو پیش کردی

## ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات میں سے ایک لاکھ 57 ہزار 770 کے فیصلے کیے گئے

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات کر کے ان کو اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بقیہ | گوجرانوالہ ٹائمز | 13

برائے سال 2022ء پیش کردی ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو سال 2022ء کے دوران موصول ہونے والی شکایات، فیصلوں اور اٹھائے گئے اہم اقدامات کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کیے گئے۔ صدر پاکستان سے ملاقات کے بعد وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی اور وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو ملک کے دیگر دور دراز اور کم ترقی یافتہ علاقوں تک پھیلانے کی خواہش کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی اور ابلاغ کے جدید ذرائع کو استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے استفادہ کر سکیں۔ صدر پاکستان نے وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ شکایات کی تعداد میں اضافہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ صدر پاکستان نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے کام میں تیزی سے ہوتے ہوئے اضافے کے پیش نظر اس کے وسائل میں بھی خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 70,57 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شکایت کنندگان اب جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔

لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ برائٹ سٹار گوجرانوالہ پاکستان

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سینئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 سوموار 20 مارچ 2023ء، 27 شعبان المعظم 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے شمارہ: 165

# وفاقی محتسب: گزشتہ سال میں 1 لاکھ 57 ہزار 770 کیسوں کے فیصلے کئے گئے

## صدر پاکستان نے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی ہے: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات، ادارے کی سالانہ رپورٹ پیش کی

گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات کر کے ان کو اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2022ء پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو سال 2022ء کے دوران موصول ہونے والی شکایات، فیصلوں اور اٹھائے گئے اہم اقدامات کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ صدر پاکستان سے ملاقات کے بعد وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے کھلی کچہریوں اور آئی آر ڈی پروگرام کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی اور وفاقی محتسب کے دائرہ کار کو ملک کے دیگر دور دراز اور کم ترقی یافتہ علاقوں تک پھیلانے کی خواہش کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی اور ابلاغ کے جدید ذرائع کو استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے استفادہ کر سکیں۔ صدر پاکستان نے وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ شکایات کی تعداد میں اضافہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ صدر پاکستان نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے کام میں تیزی سے ہوتے ہوئے اضافے کے پیش نظر اس کے وسائل میں بھی خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 70,571 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شکایت کنندگان اب جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے صدر پاکستان کو بتایا کہ سال 2022ء کے دوران اضافی بجٹ اور اسٹاف حاصل کئے بغیر 50 فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں جو ہمارے افسران اور اسٹاف کی محنت اور کام سے لگن کا بین ثبوت ہے۔ اسی طرح بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی محتسب میں قائم کئے گئے شکایات کمشنر سیل کی طرف سے گزشتہ برس 137,423 اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا ازالہ کیا گیا جو کہ سال 2021ء کے مقابلے میں 133% زیادہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 3.4 ارب روپے مالیت کے تنازعات وفاقی محتسب کے ذریعے حل کئے گئے جس سے عدالتوں کا بوجھ کم ہوا بصورت دیگر یہ مقدمات بھی عدالتوں میں جانے تھے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کو ان نئے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جو سال 2022ء کے دوران اٹھائے گئے جن میں معائنہ ٹیموں کے ذریعے سرکاری اداروں کے دورے، آئی آر ڈی



پروگرام کے تحت تنازعات کا غیر رسمی حل، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور دو نئے ذیلی دفاتر کا قیام شامل ہیں۔ وفاقی محتسب نے ان اقدامات کے بارے میں بھی صدر پاکستان کو آگاہ کیا جو ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بسنے والے شہریوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اٹھائے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں اور چھوٹے قصبوں میں خود جا کر عام شہریوں کو انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں وفاقی حکومت کے 183 اداروں کو وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، یوں اگر کوئی شکایت کسی وفاقی ادارے میں تیس دن کے اندر نہیں نمٹائی جاتی تو وہ ایک خودکار نظام کے تحت وفاقی محتسب کے سسٹم میں منتقل ہو جاتی ہے اور اس پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔ انہوں نے صدر پاکستان کو اپنے 19 علاقائی دفاتر کے بارے میں بھی بتایا جو ہر وقت شکایت کنندگان کی شکایات کے ازالے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔